29.04.2025
21.15 Hrs

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد
Music

..........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں وزیر دفاع اور اعلیٰ افسران کے ساتھ، اعلیٰ سطح کی ایک سکیورٹی میٹنگ کی صدارت کی۔
☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ حکومت کا مقصد نوجوانوں کو مہارتوں سے لیس کرنا ہے تا کہ بھارت ایک عالمگیر اختراعی مرکز کا درجہ حاصل کرسکے۔
☆ سپریم کورٹ نے دلّی NCR اور دیگر شہروں میں بلڈر بینک سازباز میں CBI جانچ کا حکم دیا ہے۔
☆ دلّی سرکار نے قومی راجدھانی کے سبھی اسکولوں میں فیس کو منضبط کرنے کیلئے ایک بل کے مسودے کو منظوری دی ہے۔
☆ کناڈا میں عام انتخابات میں اپنی پارٹی کی کامیابی کے بعد Mark Carney ہی وزیر اعظم رہیں گے۔
☆ اور خواتین کرکٹ میں تین ملکوں کی ایک روزہ میچوں کی سیریز نے بھارت نے جنوبی افریقہ کو 15 رن سے ہرا کر لگاتار دوسری کامیابی حاصل کی ہے۔

..........................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**PM Meeting**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں اپنی رہائش گاہ پر وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ اِس میٹنگ میں فوج کے سربراہ انل چوہان اور تینوں سروسز کے سربراہان بھی موجود تھے۔ پہلگام دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں یہ میٹنگ منعقد کی گئی۔x

**PM YUGM**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج YUGM کانکلیو سے خطاب کیا۔ اپنی نوعیت کا یہ پہلا کانکلیو ہے جس میں حکومت کے بڑے لیڈر، تعلیمی شعبے اور صنعت سے وابستہ افراد اور اختراعات کاروں کو مدعو کیا گیا ہے۔ یہ کانکلیو نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ حکومت کی کوشش

ہے کہ وہ نوجوانوں کو ایسی مہارتوں سے لیس کرکے بااختیار بنائے جن سے وہ خود کفیل بن سکیں اور بھارت ایک عالمگیر اختراعی مرکز کا درجہ حاصل کرسکے۔ جناب مودی نے کہا کہ حکومت 21ویں صدی کی ضروریات کو پورا کرنے کی غرض سے ملک کے تعلیمی نظام کی جدید کاری کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ نئی تعلیمی پالیسی ملک میں کایاپلٹ کردینے والی صورتحال کی راہ ہموار کر رہی ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ مرکز ون نیشن، ون سبسکرپشن اسکیم کے ذریعے اِس بات کو یقینی بنارہی ہے کہ ملک میں عالمی درجے کی معلومات تک ہر طالب علم کی رسائی ہو۔ انھوں نے کہا کہ آج اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طلبا کو عالمی درجے کے تحقیقی جریدوں تک آسان رسائی حاصل ہے۔

S/B 2100 PM Modi on Research Budget

جناب مودی نے بھارت میں تحقیقی نظام کو مضبوطی عطا کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا تاکہ قومی اہداف کو حاصل کیا جاسکے۔

S/B 2100 PM Modi on Viksit Bharat

## Jaishankar Phalgam

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج یونان، قبرص، پناما، صومالیہ، گیانا کے وزرائے خارجہ سے بات چیت کی اور پہلگام دہشت گردانہ حملے پر تبادلہ خیال کیا۔ یونان کے وزیر خارجہ Jeorge Gerapetritis کے ساتھ اپنی بات چیت میں ڈاکٹر جے شنکر نے سرحد پار کی دہشت گردی کے خلاف یونان کے سخت موقف کی ستائش کی۔ انھوں نے قبرص کے وزیرخارجہ Constantinos Kombos کا شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے پہلگام میں سرحد پار کے دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں اپنی حمایت اور یکجہتی کیلئے اُنھیں فون کیا۔ جناب جے شنکر نے پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے سلسلے میں اپنی یکجہتی اور حمایت کے اظہار کیلئے پناما کا بھی شکریہ ادا کیا۔

صومالیہ کے وزیر خارجہ عبدالسلام عبدی علی کے ساتھ اپنی بات چیت میں وزیر موصوف نے صومالیہ کے دہشت گردی کی ہرقسم اور اظہار کے ہر طریقے کی مضبوط مخالفت کے موقف کی ستائش کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے گیانا کے وزیر خارجہ M Hugh Hilton Todd کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے دہشت گردی کے سبھی قسموں اور اظہار کے تمام طریقوں سے مقابلہ آرائی کی ضرورت کو اجاگر کیا۔x

## UN Pahalgam

بھارت نے اقوام متحدہ میں پہلگام میں ہوئے دہشت گردانہ حملہ کے معاملے کو پُرزور انداز سے اٹھایا ہے اور ایک پاکستانی وزیر کے دہشت گردوں کو تربیت اور مالی مدد فراہم کرنے کی بات کو قبول کرنے کا حوالہ بھی دیا ہے۔پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف کے ٹیلی ویژن پر دیئے گئے حالیہ انٹرویو کا حوالہ دیتے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارت کی نائب مستقل نمائندہ، Yojana Patel نے کہا کہ پوری دنیا نے پاکستان کے وزیر دفاع کے اس اعتراف کو سنا کہ پاکستان کی دہشت گرد تنظیموں کی حمایت کرنے، تربیت کرنے اور انہیں فنڈ فراہم کرنے کی تاریخ رہی ہے۔

انہوں نے کہا کہ اس کھلے اعتراف سے کسی کو حیرت نہیں ہوئی بلکہ بد امنی پھیلانے والے ایک ملک کے طور پر پاکستان کا پردہ فاش ہوگیا، جو عالمی دہشت گردی کی حمایت کرتا ہے اور خطہ میں عدم استحکام پیدا کرتا ہے۔

S/B: 1400- UN Yojna Patel/ Pak

**J&K CM**

جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج زیادہ سے زیادہ بین محکمہ جاتی تال میل کی اہمیت کو اجاگر کیا تا کہ آنے والے گرمی کے سیزن کے دوران بلا رکاوٹ ضروری خدمات کو یقینی بنایا جاسکے اور تیزی کے ساتھ ردعمل کا ایک نظام قائم ہوسکے۔ اعلیٰ سطح کی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ کنٹرول روم کو سرگرم کریں، ضروری چیزوں کی سپلائی کیلئے زیادہ سے زیادہ اسٹاک رکھیں اور زد پذیر علاقوں میں فوری ردعمل والی ٹیموں کو تعینات کریں۔x

**J&K Security**

جموں کشمیر میں پہلگام دہشت گردانہ حملہ کے بعد کشمیر میں آنے والے سیاحوں کی سلامتی اور سہولت کے لیے تمام سکیورٹی انتظامات کر لیے گئے ہیں۔ آکاشوانی نیوز سرینگر سے تفصیلی گفتگو میں کشمیر پولیس کے اسپکٹر جنرل V.K Birdi نے کہا کہ تمام سیاحتی مقامات پر زبردست سکیورٹی انتظامات کئے گئے ہیں۔

[(null)- 2100 VK BIRDI - IGPKASHMIR]

اس دوران اہم مقامات پر سیاحتی سرگرمیاں غیر متاثر رہی ہیں۔ سیاحوں کا بڑی گرم جوشی سے خیر مقدم ہو رہا ہے اور انتظامیہ اور سیاحت سے جڑے تمام فریقین کے ساتھ مل کر مقامی لوگ ان کے رہنے کا مکمل طور پر انتظام کر رہے ہیں۔

**Maha Cabinet Decisions**

مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے پہلگام دہشت گردانہ حملے میں ریاست سے تعلق رکھنے والے مہلوکین کے کنبوں کو 50لاکھ روپے کی نقد امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔ممبئی میں کابینہ کی ایک میٹنگ میں حکومت نے متاثرین کے کنبوں کو تعلیم اور نوکری میں مدد دینے کی بھی یقین دہانی کرائی ہے۔ اِس حملے میں ہلاک ہوئے سنتوش جگدالے کی بیٹی Asawari Jagdale کو سرکاری نوکری دینا بھی شامل ہے۔ x

**Gavai CJI Appointment**

سپریم کورٹ کے جج جسٹس بھوشن رام کرشن گوائی، بھارت کے اگلے چیف جسٹس ہوں گے۔ قانون اور انصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے بتایا کہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے جسٹس گوائی کو بھارت کا اگلا چیف جسٹس مقرر کیا ہے اور اِس عہدے پر اُن کی تقرری، اگلے ماہ کی 14 تاریخ سے ہوگی۔

جسٹس گوائی، موجودہ چیف جسٹس، جسٹس سنجیو کھنّہ کی جگہ لیں گے، جن کی مدتِ کار اگلے ماہ کی 13 تاریخ کو ختم ہو رہی ہے۔ x

## SC CBI Inquiry

سپریم کورٹ نے مرکزی تحقیقاتی بیورو، CBI کو یہ ہدایت دی ہے کہ دلّی، قومی راجدھانی خطہ، ممبئی، چنڈی گڑھ، موہالی اور کولکاتہ میں مختلف پروجیکٹوں میں بلڈروں اور بینکوں کے مابین ساز باز سے متعلق ابتدائی تفتیش کرے۔ آج سماعت کے دوران عدالت عالیہ نے CBI کو سات ابتدائی تفتیشوں کو درج کرنے اور ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم SIT قائم کرنے کی ہدایت دی۔ ان میں سے ایک کمپنی سپُر ٹیک لمٹیڈ بھی ہے جس کے خلاف ابتدائی تفتیش شروع کی جائے گی۔ سپریم کورٹ اس معاملے کی نگرانی کرے گا اور اس کی ہر ماہ سماعت کرے گا۔

قومی راجدھانی خطہ NCR کیلئے عدالتِ عالیہ نے سُپر ٹیک لمٹیڈ کے رئیل اسٹیٹ پروجیکٹوں کی تفتیش کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے CBI کو اس معاملہ سے متعلق ایک عبوری رپورٹ پیش کرنے کو کہا ہے۔

عدالت نے اترپردیش اور ہریانہ کے DGPs کو نئی SIT میں شامل ہونے والے پولیس افسران کی ایک فہرست پیش کرنے کو کہا ہے۔اسی طرح کی ہدایات انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف انڈیا اور بھارتی ریزرو بینک کو بھی دی گئی ہیں۔ x

## Delhi Fee Bill Draft

دلّی کابینہ نے آج قومی راجدھانی میں پرائیویٹ اور سرکاری اسکولوں میں فیس کو منضبط کرنے کے سلسلے میں ایک بل کے مسودے کو منظوری دی ہے۔ اسکول کی فیس میں بہت زیادہ اضافے کی وجہ سے والدین میں بڑھتے ہوئے غم وغصے کے ردعمل کے طور پر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے اطلاع دی کہ یہ بل دلّی میں سبھی اسکولوں میں فیس کے تعین کیلئے مکمل رہنما خطوط اور طریقہ کار پیش کرتا ہے۔ ان اسکولوں میں امداد یافتہ، غیر امداد یافتہ اور پرائیویٹ ادارے شامل ہیں۔

S/B 2100 Rekha Gupat CM Delhi

## Canada Elections

کناڈا کے وزیر اعظم Mark Carney کی لبرل پارٹی نے ملک میں ہوئے عام انتخابات میں اپنے اقتدار کو برقرار رکھا ہے۔ سیاست کی دنیا میں نووارد اور سابق بینکر Carney کامیابی کے ساتھ اپنی پارٹی کو ایک غیر معمولی فتحیابی سے ہمکنار کرنے میں کامیاب ہوئے۔ کنزرویٹیو پارٹی کے لیڈر Pierre Poilievre کے ساتھ قریبی مقابلے کے بعد انھوں نے کامیابی حاصل کی۔ البتہ کناڈا میں ابھی ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ لبرل پارٹی 168 سیٹوں پر آگے ہے جبکہ ہاؤس آف کامنز کی 343 سیٹوں میں سے جیت کیلئے 172 سیٹوں کی ضرورت ہے تا کہ اکثریتی حکومت قائم ہوسکے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے Mark Carney کو کناڈا کے وزیر اعظم کے طور پر منتخب ہونے اور لبرل پارٹی کو اُس کی فتحیابی پر مبارکباد پیش کی ہے۔x

**PM Trinidad Tobago**

ترینداد اینڈ ٹوبیگو میں اہم اپوزیشن پارٹی یونائیٹڈ نیشنل کانگریس کی لیڈر کملا پرساد Bissessar نے حکمراں پیپلز نیشنل پارٹی کو شکست دے کر عام انتخابات میں کامیابی حاصل کی ہے۔ دو جزیروں پر مشتمل اِس ملک کی وہ اگلی وزیر اعظم ہوں گی۔ یہ فتحیابی 73برس کی کملا پرساد کی ایک قابل ذکر کی واپسی کی علامت ہے جو اِس سے پہلے 2010سے 2015 تک وزیر اعظم کے عہدے پر فائز رہ چکی ہیں۔ وہ اب تک کی واحد خاتون ہیں جنھوں نے اِس ملک کے سب سے بڑے عہدے پر خدمت انجام دی ہے۔ وزیر اعظم نے نریندر مودی انتخابات میں ان کی کامیابی پر محترمہ کملا پرساد کو مبارکباد پیش کی ہے۔

سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت Trinidad & Tobago کے ساتھ اپنے تاریخی اعتبار سے قریبی اور خاندانی نوعیت کے تعلقات پر ناز کرتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وہ اِس شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کیلئے اُن کے ساتھ گہرے روابط کے ساتھ کام کرنے کے خواہاں ہیں تا کہ بھارت اور Trinidad کے عوام ایک دوسرے کی خوشحالی میں شریک ہوسکیں۔x

**Rijiju Haj**

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے سبھی ایک لاکھ 22ہزار 518زائرین حج کے تئیں نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ پہلی دو پروازیں 288زائرین کو لکھنؤ سے اور 262زائرین کو حیدرآباد سے روانہ ہوں گی۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں جناب رجیجو نے کہا کہ حکومت اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے پُرعزم ہے کہ زائرین حج کو کوئی دشواری پیش نہ آئے۔ انھوں نے ایک محفوظ، رحمتوں سے پُر اور روحانیت سے بھر پور سفر کیلئے بھی نیک خواہشات پیش کیں۔x

**Char Dham yattra**

بھارت کی سب سے پوتر یاتراؤں میں سے ایک چار دھام یاترا، کل سے اکشے ترتیا کے موقع پر اتراکھنڈ میں شروع ہوگی۔ اتر کاشی ضلعے میں گنگوتری اور یمنوتری مندروں کے کپاٹ کھلنے کے ساتھ اِس یاترا کا آغاز ہوگا۔ رُدر پریاگ ضلعے میں کیدار ناتھ مندر کے کپاٹ جمعے کو، جبکہ چمولی ضلعے میں بدری ناتھ دھام کے کپاٹ، آئندہ مہینے کی چار تاریخ کو کھلیں گے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC- Anupam

منتروں کے جاپ اور دیگر مذہبی رسوم کے درمیان کل گنگوتری اور یمنوتری مندر کے کپاٹ کھلیں گے۔ اِس سال ریاستی حکومت نے عقیدتمندوں کی سہولت کیلئے جامع انتظامات کو یقینی بنانے کی خاطر کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی

ہے۔ ریاستی حکومت نے سیکیورٹی، ٹریفک کے انتظام، بھیڑ بھاڑ سے نمٹنے، صحت اور صفائی ستھرائی پر خصوصی توجہ کے ساتھ وسیع تر انتظامات کیے ہیں۔ چار دھام یاترا میں ہر سال ملک اور بیرون ملک سے لاکھوں عقیدتمند شامل ہوتے ہیں۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

آکاشوانی چار دھام یاترا 2025 کی افتتاحی تقریب کو براہ راست نشر کرے گا۔ گنگوتری دھام کی افتتاحی تقریب، کل صبح 10 بجے سے گیارہ بجے تک اور یمنوتری دھام کی افتتاحی تقریب، دن میں ساڑھے گیارہ بجے سے دوپہر ساڑھے بارہ بجے تک براہ راست نشر کی جائے گی۔ آکاشوانی کے اندر پرستھ، FM گولڈ اور آرادھنا چینل کے ساتھ ساتھ یہ براہ راست نشریات، newsonair ایپ پر دستیاب ہوگی۔ یاترا سے متعلق ایک رپورٹ کل سے آئندہ ماہ کی 4 تاریخ تک شام ساڑھے 7 بجے سے 7 بج کر 45 منٹ تک روزانہ نشر کی جائے گی۔ x

## shah manipur

مرکزی حکومت نے سال 2024 میں ژالہ باری سے متاثرہ ریاست منی پور کے لیے 153 کروڑ کی اضافی امداد کو منظوری دی ہے۔ یہ یصلہ وزیر داخلہ امت شاہ کی صدارت میں ہوئی ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں لیا گیا۔×

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کل اڈیشہ، آسام اور میگھالیہ میں کہیں کہیں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ دلّی، ہریانہ، اترپردیش، چنڈی گڑھ، اتراکھنڈ، جھارکھنڈ، تلنگانہ، شمالی اندرونی کرناٹک، وِدربھ، چھتیس گڑھ، مغربی بنگال اور سکّم کے حصوں میں آئندہ دو سے تین روز کے دوران گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ IMD نے کل اترپردیش میں دھول بھری آندھی چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ x

## Iran US Airstrikes

ایران نے یمن کی راجدھانی صنعاء اور سعدہ صوبے میں امریکہ کے ہلاکت خیز فضائی حملوں کی سخت مذمت کی ہے۔ اِس میں اُس مرکز پر حملہ بھی شامل ہے جہاں افریقی تارکین وطن قیام پذیر تھے۔ ایک بیان میں وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیلی بغائی نے اتوار کے دن ہوئی اِس بمباری کی مذمت کی جس میں سعدہ کے ایک حراستی مرکز میں رہ رہے 68 تارکین وطن سمیت کم از کم 78 افراد ہلاک ہوئے اور درجنوں دیگر زخمی ہوئے تھے۔x

## Womens Cricket

خواتین کرکٹ میں کولمبو میں ایک روزہ میچوں کی سہ ملکی سیریز میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 15 رن سے ہرا کر لگاتار دوسری جیت حاصل کی۔ ٹاس جیتنے کے بعد پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت کی خواتین ٹیم نے مقررہ 50 اوورس میں 6 وکٹ کے نقصان پر 276 رن بنائے۔ جنوبی افریقہ کو 277 رن کا جیت کا نشانہ ملا تھا لیکن وہ

49اوورس اور دو گیندوں میں 261رن ہی بنا پائی۔بھارت اور جنوبی افریقہ کے علاوہ اِس ٹورنامنٹ میں سری لنکا تیسری ٹیم ہے۔ x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں نئی دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں ڈیلی کیپیٹلس اور کولکاتہ نائٹ رائڈرس کے درمیان میچ جاری ہے۔کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے ڈیلی کیپیٹلس کی جیت کیلئے ...... رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اِس سے قبل ڈیلی کیپیٹلس نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

کل ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں چنئی سپُر کنگس کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔ x

☆☆☆☆☆☆